بسم اللہ الرحمن الرحیم

صَلَّی اللہُ عَلَیکَ یَا وَلِیَّ الْعَصرِ (عج) اَدرِکنَا وَ لَا تُھلِکنَا

عیدِ غدیر مبارک ہو

عید سعید عید اکبر

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا عَلِیٌّ مَوْلَاہُ جس جس کا میں مولا ہوں اس اس کے یہ علیؑ مولا ہیں (پیغمبر اسلامؐ)

یہی میرا بھائی، میرا وصی اور تمہارے درمیان میرا خلیفہ ہے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں امام علی علیہ السلام کو بارہا اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے متعدد مواقع پر اپنے جانشین، وصی، اور اپنے بعد اپنے بلافصل خلیفہ کا اعلان کیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال وافعال سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ آپ کے بعد امام علی علیہ السلام ہی اس امت میں آپ کے خلیفہ وجانشین ہیں۔ فریقین کے اکابر علماء نے اپنی مشہور کتابوں میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔ کبھی شبِ ہجرت اپنے بستر پر امام علی علیہ السلام کو سلا کر، کبھی مختلف غزوات میں انہیں علمبردار بنا کر، کبھی آسمان سے اترے ہوئے پرندہ کو اُن کے ساتھ تناول فرما کر، کبھی ان کے حق میں حدیث منزلت میں اپنے اور ان کے درمیان حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام جیسی منزلت کو بیان فرما کر، کبھی نصاریٰ نجران کے خلاف مباہلہ کے وقت انہیں اپنا نفس و جان بتا کر تو کبھی ۱۸ ذی الحج ۱۰ھ ہجری کو اپنے آخری حج میں میدان غدیر خم میں انہیں تمام مومنین ومومنات کا مولا بنا کر۔ اختصار کے مدنظر، صرف پہلے اور آخری اعلان پر ایک نگاہ کرتے ہیں۔ دلیل کے طور پر یہاں حوالہ بھی پیش کیا گیا ہے اور اصل کتاب کا وہ صفحہ بھی ہے جسے قارئین ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

ذخائر العرب
٣٠
تاريخ الطبري
تاريخ الرسل والملوك
لأبي جعفر محمد بن جرير الطبري
٢٢٤ - ٣١٠
الجزء الثاني
تحقيق
محمد أبو الفضل إبراهيم
دار المعارف بمصر

پہلا اعلان خلافت-دعوت ذوالعشیرہ: یہ واقعہ حدیث یوم الدار یا دعوت ذوالعشیرہ کے نام سے معروف ہے۔ اس واقعہ کے راوی ابن عباس ہیں جنہوں نے امام علی بن ابی طالب علیہما السلام کے حوالہ سے اسے نقل فرمایا ہے۔ جب سورۂ شوریٰ (۲۶) کی آیت ۲۱۴/ وَ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ ''اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو آگاہ کرو۔'' نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو دعوت دی اور اپنے رسالت کے مشن کی ابتداء کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ''کون ہے جو اس امر میں میرا وزیر بنے گا؟'' تو صرف امام علی علیہ السلام نے آگے بڑھ کر آپ کی نصرت کا وعدہ کیا۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ ھٰذَا اَخِیْ وَ وَصِیِّیْ وَ خَلِیْفَتِیْ فِیْکُمْ فَاسْمَعُوْا لَہٗ وَ اَطِیْعُوْا ''بیشک یہی میرا بھائی، میرا وصی اور تمہارے درمیان میرا خلیفہ ہے۔ پس اس کی بات غور سے سنو اور اس کی اطاعت کرو۔'' [تاریخ طبری، ج ۲، ص ۳۱۹-۳۲۱]

آخری اعلان خلافت-غدیر خم: زید بن ارقم سے روایت ہے کہ جب حجۃ الوداع سے لوٹتے وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام غدیر خم پر پہنچے تو انہوں نے وہاں تمام حاجیوں کو اپنے عنقریب دنیا کو الوداع کہنے کی خبر دی اور وصیت کے طور پر مسلمانوں کو ثقلین یعنی قرآن مجید اور ان کے اہل بیت علیہم السلام سے متمسک رہنے کا حکم دیا۔ اس کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا کہ ''اللہ میرا مولا ہے اور میں تمام مومنین کا مولا ہوں۔'' پھر آپ نے امام علی علیہ السلام کا ہاتھ تھام کر ارشاد فرمایا مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا عَلِیٌّ مَوْلَاہ ''جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ علیؑ مولا ہیں۔'' [فضائل الصحابہ، امام نسائی، ص ۱۵]

فضائل الصحابة
للإمام الحافظ الحجة أبي عبد الرحمن أحمد بن شعيب المعروف بالنسائي
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

لہٰذا، صاحبان تحقیق وتفہیم کے لئے یہ بات کبھی بھی مشکوک نہیں تھی اور انہیں اس بات کا یقین تھا اور آج بھی ہے کہ اللہ رب العالمین نے عالمین کے لئے جس نبی کو رحمت بنا کر بھیجا، جس نے اپنی تمام زندگی انسانیت کو حقیقی راہِ ہدایت دکھانے میں مشقتیں اور صعوبتیں برداشت کرتے ہوئے ایک مکمل دین اسلام پہنچایا، وہ کبھی بھی اپنی امت کو اپنے بعد اپنے جانشین، وصی اور خلیفہ کے بغیر تنہا اور گمراہی میں بھٹکتا چھوڑ کر نہیں جاسکتے۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلافصل جانشین اور خلیفہ کے طور پر غدیر خم میں ہوئی امام علی علیہ السلام کی اس تاج پوشی کی ہم اپنے زمانہ کے امام، حضرت امام مہدی (عج) کی خدمت میں اور تمام مسلمانوں کو تہہ دل سے مبارک باد پیش کرتے ہیں!

مزید معلومات کے لئے رابطہ قائم کریں:

www.thestrongrope.com | /thestrongrope | /_thestrongrope | /thestrongrope | +91-8070151412 | The Strong Rope

آج ۱۸ ذی الحجّہ اعلانِ ولایتِ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے پرمسرت ومبارک موقع پر

ہم بقیۃ اللہ الاعظم حضرت امام مہدی علیہ السلام کی خدمت میں تبریک وتہنیت اور عالمِ اسلام کو اپنی نیک خواہشات اور دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں



@THESTRONGROPE
@THESTRONGROPE
@THESTRONGROPE
@_THESTRONGROPE
+91 80 70 15 14 12
WWW.THESTRONGROPE.COM

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا
علی علیہ السلام
WWW.THESTRONGROPE.COM

نوٹ: جو حضرات اس اشتہار کے متعلق کسی بھی طرح کی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہوں یا اس اشتہار میں شریک ہونا چاہتے ہوں۔ وہ برائے مہربانی ہم سے رابطہ قائم کریں۔ سیّد نہال حسین موسوی Mobile : 9819135955

Lotus Publicity : 9819135955